(۲) پہلے بیان شدہ اختیارات کے بغیر کسی تعصب کے اور اس ایکٹ کے دفعات، قانون اور سینٹ کے ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے سینڈیکٹ کے مندرجہ ذیل اختیارات ہونگے؛

(الف) سالانہ رپورٹ، سالانہ اور نظر ثانی شدہ بجٹ، جو سینٹ میں داخل کی گئی ہو، پر غور کرے۔

(ب) جامعہ کی جگہ منقولہ جائیداد کو منتقلی کرے اور ایسی منتقل شدہ کو منظور کرے۔

(پ) جامعہ کی جگہ پر معاہدے کریں، معاہدوں کو جاری رکھے یا تبدیل اور منسوخ کرے۔

(ت) اکاونٹ کے کتابیں بنائے جس میں جامعہ کے تمام رقوم جو وصول شدہ ہو اور خرچ شدہ ہو اور جامعہ کے اثاثہ جات اور واجبات درج ہو۔

(ث) جامعہ کے پیسوں پر سرمایہ کاری کریں جن میں سیکورٹی کی غیر لاگو شدہ آمدنی جو دفعہ ۲۰ ٹرسٹ ایکٹ سال ۱۸۸۲ء (ایکٹ نمبر II سال ۱۸۸۲ء) میں بیان ہے شامل ہے یا وضع کردہ طریقہ کے تحت غیر منقولہ جائیداد کی خریدے یا دوسرے طور پر اور ساتھ سرمایہ کاری کے تبدیل کرنے کے اختیارات۔

(ٹ) جامعہ کو دی گئی منتقل شدہ جائیداد اور گرانٹس، ترکہ و میراث ٹرسٹ، تحفے، عطیہ اور دوسرے تعاون وصول اور ان کی انتظام کرے۔

(ج) جامعہ کے کسی خاص مقصد کے لئے مختص شدہ فنڈز کا انتظام کرے۔

(د) جامعہ کو کام جاری رکھنے کے لئے عمارتیں، لائبریریاں، میدان، فرنیچر اور دوسرے ساز و سامان مہیا کرے۔

(ر) طلباء کی رہائش کے لئے ہال، ہاسٹل اور رہنے کی جگہ کی منظور کرے اور لائنس دے۔

(ز) سینٹ کو کالجز کے الحاق یا الحاق کو ختم کرنے کی سفارش کرے۔

(س) سینٹ کو تعلیمی اداروں کو جامعہ کے استحقاق داخل ہونے اور ایسی استحقاق کو واپس لینے کی سفارش کرے۔

(ش) ڈیپارٹمنٹ اور کالجو کی معائینے کا اہتمام کرے۔

(ص) پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسسٹنٹ پروفیسر لکچرار دوسرے پڑھانے والے عہدوں کی آغاز کریں یا انکو معطل اور ختم کریں۔

(ض) انتظامی اور دوسرے عہدہ جو ضروری ہو کو پیدا، معطل اور ختم کرے۔

(ر) آفیسران، اساتذہ اور دوسرے عملہ کے فرائض وضع کرے۔

(ز) سینٹ میں ان اُمور کے بابت رپورٹ داخل کرے جن کے بابت اُنکو کہا گیا تھا۔

(ع) اس ایکٹ کے تحت ارکان مختلف با اختیار کی تقرری کرے۔

(غ) سینٹ میں داخل کرنے کے لئے قانون کا مسودہ تیار کرے۔

(جامعہ کے طلباء کے نظم و نسق کو باقاعدہ بنائے۔

(ق) جامعہ کی عمومی بہتر انتظام کے لئے ضروری اقدامات کریں اور ایسی کوئی اختیارات جو ضروری ہو کو واپس لے۔

(ک) با اختیار، آفیسر یا کمیٹی کو کوئی بھی اختیارات تفویض کے۔

(ل) دوسرے افعال جو اس ایکٹ کے دفعات نے دی ہے یا قانون نے دی ہے کی سرانجام دہی کرے۔

۲۲۔ اکیڈمک کونسل۔۔۔۔۔ جامعہ کی ایک اکیڈمک کونسل ہوگی جو درج ذیل پر مشتمل ہوگی۔

(الف) نائب امیر جامعہ اسکی چیئرپرسن ہوگا۔

(ب) تمام فیکلٹی کے ڈینز اور ایسا کوئی ڈیپارٹمنٹ کا سربراہ، جو وضع ہونگے۔

(ج) وضع کردہ طریقہ کار کے تحت منتخب شدہ پانچ ارکان جو ڈیپارٹمنٹ، اداروں اور اتحادی کالج سے ہو۔

(د) الحاق شدہ کالجوں کے دو سربراہ۔

(ر) پانچ پرفیسر جن فارغ شدہ اعزازی پروفیسر شامل ہو۔

(ز) رجسٹرار۔

(س) ناظم امتحانات اور؛

(ش) لائبیریرین۔

(۲) سینٹ، امیر جامعہ کے سفارش پر اکیڈمک کونسل کی ارکان اور منتخب شدہ ارکان (ماسوائے ارکان جو بلحاظ عہدہ ہو) کی تقرری کرے گا۔ بشرط یہ کہ پانچ پروفیسر اور ارکان جو ڈیپارٹمنٹ، اداروں اور اتحادی کالج کی نمائندہ کرتا ہو، نمائندہ کمیٹی (جو دفعہ ۲۴ کے تحت قائم کی گئی) وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق انتخاب کے متبادل کے طور پر ناموں کی پینل تجویز کرے گی اور سینٹ ان تجویز کردہ افراد میں سے امیر جامعہ کے سفارش پر تقرری کرے گا۔

(۳) اکیڈمک کونسل کے ارکان تین سال کے لئے عہدہ رکھے گے۔

(۴) اکیڈمک کونسل کا ہر سہ ماہی میں کم از کم ایک اجلاس ہوگا۔

(۵) اکیڈمک کونسل کے اجلاس کا کورم اکیڈمک کونسل کے کل ارکان کا نصف ہوگا اور کسر عشاریہ ایک تصور ہوگی۔

۲۳۔ اکیڈمک کونسل کے افعال اور اختیارات۔۔۔ (۱) اکیڈمک کونسل جامعہ کا تعلیمی ڈھانچہ ہوگی۔ اور قانون اور اس ایکٹ تابع ہدایات، تحقیق و مطبوعات اور امتحان کے مناسب معیارات اور جامعہ کے تعلیمی طرز زندگی کو فروغ دینے کا مجاز ہوگا۔

(۲) سابقہ طاقتوں کے استعمال اور اس ایکٹ کے دفعات کے تحت کسی بھی تعصب کے بغیر قوانین کو سامنے رکھتے ہوئے اکیڈمک کونسل؛

(ا) اکیڈمک پروگرام کے معیار کے تابع پالیسی اور طریقہ کار کی منظوری۔

(ب) اکیڈمک پروگراموں کی منظوری۔

(پ) طلباء کے متعلق پالیسی اور طریقہ کار کی منظوری جن میں داخلہ، اخراج، سزا، امتحانات اور سرٹیفیکیٹ شامل ہیں۔

(ت) معیاری درس و تدریس اور تحقیق کو یقینی بنانے کے لئے پالیسی اور طریقہ کار کی منظوری دیں گے۔

(ٹ) دوسرے تعلیمی اداروں کے الحاق کے بارے پالیسی اور طریقہ کی سفارش کرنا۔

(ٹ) سینڈیکیٹ کو فیکلٹی، درس و تدریس کے ڈیپارٹمنٹ اور مطالعہ کے بورڈ کی تشکیل اور منظم کرنے کے بابت پالیسی اور طریقہ کار تجویز کرنا۔

(ج) متعلقہ بااختیار سے ناموں کا لسٹ حاصل کرنے بعد پیپر مرتب کرنے والا، اور جامعہ کے امتحان لینے والوں کی تقرری کرے گا۔

(د) جامعہ کے اساتذہ کو پیشہ وارانہ ترقی دینے کے لئے ہر سطح پر پروگراموں کا آغاز کرنا۔

(ر) دوسرے جامعات اور امتحان لینے والی باڈی کے امتحانات کو تسلیم کرنا اور اُسکو جامعہ کے امتحانات کے برابر قرار دینا۔

(ز) طلباء کے ایوارڈ میڈل، انعامات، نمائشی، وظیفہ کو باقاعدہ بنانا۔

(س) سینٹ میں جمع کرنے کے لئے قواعد بنانا۔

(ش) جامعہ کے اکیڈمک کارکردگی کے بارے میں سالانہ رپورٹ تیار کرنا اور؛

(ص) کوئی ایسا افعال سرانجام دینا جو قواعد کے تحت وضع کردہ ہو۔

۲۴۔ نمائندہ کمیٹی۔۔۔۔۔(۱) قانون کے تحت سینٹ کی تشکیل کردہ ایک نمائندہ کمیٹی ہوگی جو سینٹ میں افراد کی تقرری کے لئے دفعہ ۱۷ کے تحت سفارش کرے گی۔

(۲) قانون کے تحت سینٹ کی تشکیل کردہ نمائندہ کمیٹی ایک اور بھی ہوگی جو دفعات ۲۰ اور ۲۲ کے تحت سینڈیکیٹ اور اکیڈمک کونسل میں افراد کی تقرری کی سفارش کریں گی۔

(۳) نمائندہ کمیٹی کے ارکان جو سینٹ میں تقرری کے لئے ہوگی درج ذیل طور پر مشتمل ہوگی؛

(الف) سینٹ کے تین ارکان جو جامعہ کے اساتذہ نہ ہو۔

(ب) دو ارکان جن کی نامزدگی جامعہ کے اساتذہ اپنے مابین وضع کردہ طور پر خود کرتے ہیں۔

(ج) ایک فرد اکیڈمک کمیونٹی کا (جو جامعہ کا ملازم نہ ہو) جن کی معیار پروفیسر یا کالج کی سربراہ کی ہو جو وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق جامعہ کے اساتذہ کرتے ہو؛ اور

(د) ایک نمایاں شہری جن کی انتظام، انسانی خدمت، ترقیاتی کام، قانون یا اکاونٹس میں تجربہ ہو اور اُنکو سینٹ نامزد کرے گا۔

(۴) ذیلی دفعہ (۲) کے لئے نمائندہ کمیٹی کے ارکان ذیل پر مشتمل ہوگی۔

(الف) سینٹ کے دو ارکان جو جامعہ کے اساتذہ نہ ہو۔

(ب) تین افراد جو جامعہ کے اساتذہ کے مابین وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق نامزد ہو۔

(۵) نمائندہ کمیٹی تین سال کے لئے ہوگی۔

بشرطیکہ کوئی رکن تواتر کے ساتھ دو دفعہ سے زیادہ رکن نہں بن سکتا۔

(۶) نمائندہ کمیٹی کے کام کے طریقہ کار وضع ہونگے۔

(۷) جامعہ کے بااختیار ایک اور نمائندہ کمیٹی قائم کرے گی جو اُنکے خیال میں مناسب ہو اور جامعہ کے مختلف بااختیار اور باڈیز میں تقرری کے لئے افراد کی سفارش کرے گی۔

۲۵۔ ڈائریکٹروں کے بورڈ کے اختیارات۔۔۔۔ ڈائریکٹروں کا بورڈ کرے گا؛

(الف) جامعہ کے جائیداد، فنڈز اور وسائل کو اپنانا، کنٹرول اور قابو میں رکھنا اور انتظام کرنا اور ایسی ضمانت پر جو قواعد کے مطابق ہو جامعہ کے لئے فنڈز بڑھانا۔

(ب) جامعہ کی مالیاتی امور جاری رکھنے کے ذمہ داری اپنے سر لینا جن ان پر موثر عمل اور انکو جاری رکھنے کی ذمہ داری لینا شامل ہے۔

(ج) سینٹ کے سفارش پر سالانہ رپورٹ، کام کی منصوبہ، اکاونٹس کی بیان اور تخمینہ بجٹ پر غور اور پاس کرنا۔

۲۶۔کمیٹیوں کا تقرر جو بااختیار کرتے ہیں۔۔۔سینٹ، سینڈیکیٹ، اکیڈمک کونسل اور دوسرے بااختیار (جو اُن کے خیال میں ضروری ہو) وقتاً فوقتاً اسٹینڈنگ، خاص اور مشاورتی کمیٹیوں کی تقرری کر سکتی ہے اور ان میں ایسی افراد کو جگہ دے سکتے ہیں جو بااختیار کے رکن نہ ہو۔

(۲) انکی بناوٹ، افعال اور اختیارات جن کے اس ایکٹ میں کوئی خاص دفعات نہ ہو وہ قانون اور قواعد کے تحت وضع ہونگے۔

باب پانچ

قانون، قواعد اور ضوبط

۲۷۔قانون۔۔۔اس ایکٹ کے دفعات کو مدنظر رکھتے ہوئے قانون، تمام کو باقاعدہ بناتا ہے اور وضع کرتا ہے یا کوئی اُمور جو درج ذیل ہیں؛

(الف) سالانہ رپورٹ کی مندرجات اور طریقہ کار تیار کرنا جو نائب امیر جامعہ سینٹ میں پیش کرے گے۔

(ب) جامعہ کے فیس اور دوسرے اخراجات؛

(پ) جامعہ کے ملازمین کے لئے پینشن، بیمہ صلہ، دو اندیش فنڈ اور خیر خواہ فنڈ کی ساخت بنانا۔

(ت) جامعہ کے آفیسران، اساتذہ اور دوسرے عملے کے لئے تنخواہ کا پیمانہ اور عہدے کے دوسرے اُصول وشرائط بنانا۔

(ث) رجسٹرڈ گریجویٹ کی رجسٹر برقرار رکھنا۔

(ٹ) تعلیمی اداروں کی الحاق کرنا اور ختم کرنا اور دوسرے اُمور۔

(ج) تعلیمی اداروں کا جامعہ کے استحقاق میں شامل کرنا اور ایسی استحقاق کا واپس لینا۔

(د) فیکلٹی، ڈیپارٹمنٹ، اداروں، کالجوں کو قائم کرنا اور دوسرے اکیڈمک تقسیم ہو۔

(ذ) آفیسران اور اساتذہ فرائض اور اختیارات۔

(ر) شرائط جس کے تحت جامعہ دوسرے اداروں اور پبلک باڈیز کے ساتھ تحقیق اور مشاورتی خدمات میں داخل ہو شامل ہو۔

(ز) فارغ شدہ اعزازی پرفیسروں کے تقرری اور اعزازی ڈگری کے شرائط۔

(س) جامعہ کے ملازمین کی کارکردگی اور نظم۔

(ش) نمائندہ کمیٹی کے آئین اور طریقہ کار جو اس ایکٹ کے تحت افعال کی سرانجام دہی کے لئے۔

(ص) نمائندہ کمیٹی کے لئے آئین اور طریقہ کار جب وہ نائب امیر جامعہ کی تقرری کرتے ہو۔

(ض) جامعہ تمام با اختیار کی بناوٹ، افعال اور اختیارات ؛ اور

(ع) اور دوسرے تمام اُمور جو اس ایکٹ میں ہے یا وضع کردہ ہے یا قانون کے ذریعے باقاعدہ بنائے گئے ہیں۔

(۲) قانونی مسودہ، سینڈیکیٹ، سینٹ کو تجویز کرے گا جو منظوری ہوسکتی یا ترامیم کے ساتھ پاس ہوسکتی ہے یا جو اُن کے خیال میں ضروری ہو، سینڈیکیٹ کو مسودہ دوبارہ غور کرنے کے لئے واپس کرسکتا ہے۔

بشرط یہ کہ دفعہ (ا) کے ذیلی (ا) کے شق (الف) بیان شدہ قانون آغاز اور منظوری سینڈیکیٹ کے خیالات جاننے کے بعد سینٹ کریں گے۔

مزید بشرط یہ کہ سینٹ کسی بھی قانون کی آغاز کرسکتا ہے اُن امور کے لئے جو اُن کے اختیار میں ہو یا اس ایکٹ کے تحت قانون بنانا اور سینڈیکیٹ کے خیالات جاننے کے بعد منظوری دے سکتی ہے۔

۲۸۔ضوابط۔۔۔۔۔ اس ایکٹ کے دفعات قانون کو مدنظر رکھتے ہوئے اکیڈمک کونسل تمام یا کسی بھی درج ذیل اُمور کے لئے ضوابط بنائے گی۔

(الف) جامعہ کے ڈگری، ڈپلومہ، سرٹیفیکیٹ کے مطالعہ کے لئے نصاب۔

(ب) درس و تدریس کے طریقہ کار کو منظم کرنے اور دینے کے بارے جو دفعہ کے ذیلی دفعہ (ا) میں دیا گیا ہے۔

(ج) جامعہ میں طلباء کا داخلہ اور اخراج۔

(د) وہ شرائط جن کے تحت طلباء کو کورسز اور امتحانات میں داخل ہونگے اور ڈگری، ڈپلومہ اور سرٹیفیکیٹ کے اہل ہونگے۔

(ر) امتحانات کا انعقاد۔

(ز) وہ شرائط جن کے تحت آزادانہ تحقیق کی بنیاد پر کوئی فرد ڈگری کا اہل ہو۔

(س) فیلوشپ، وظیفہ، نمائشی میڈل اور انعامات کا آغاز کرنا۔

(ش) لائبریری کی استعمال۔

(ص) فیکلٹی، ڈیپارٹمنٹ اور مطالعہ کے بورڈ کی قیام۔

(ض) تمام امور جو اس ایکٹ یا قانون یا ضوابط کے ذریعہ وضع کردہ ہو۔

(۲) اکیڈمک کونسل ضوابط تجویز کریں گے جو سینٹ میں جمع ہونگے جو اُسکی منظوری دیں گے یا منظوری روکتا ہے یا اکیڈمک کونسل کو دوبارہ غور کے لئے واپس کرتا ہے۔ اکیڈمک کونسل جو ضوابط تجویز کرتا ہے وہ اس وقت تک غیر موثر ہونگے جب تک یہ سینٹ کے منظوری حاصل نہ کریں۔

(۳) ضوابط متعلقہ یا واقع پذیر امور کے بارے میں جو ذیلی دفعہ (ص) اور (س) میں بیان شدہ ہے سینڈیکیٹ کے منظوری کے بغیر سینٹ میں جمع نہ کرائی جائے گی۔

۲۹۔ قانون اور ضوابط میں ترمیم اور منسوخی۔۔۔۔ قانون اور ضوابط میں آضافہ، ترمیم اور منسوخی ویسا ہی ہوگی جس طریقہ کار کے تحت قانون اور ضوابط علی الترتیب بنائی گئی ہو۔

۳۰۔ قوعد۔۔۔۔ (۱) یہ اس ایکٹ، قانون اور ضوبط سے ہم آہنگ ہونے کے بعد جامعہ کے با اختیار اور دوسرے باڈیز قواعد بنا سکتی ہے جو سرکاری گزٹ میں شائع ہوگی۔ یہ قواعد جامعہ جامعہ کے اُن امور کی بابت ہوگی جو اس ایکٹ میں بیان نہ ہو یا جن کی با قاعدہ کرنا قانون اور ضوابط کے تحت ضروری نہ ہو، جن میں قواعد جو کام انتظام اور اجلاس کا وقت اور جگہ کا تعین کرنا دوسرے متعلقہ امور۔
(۲) قواعد کی سینڈیکیٹ سے منظوری کے بعد موثر ہونگے۔

۳۱۔ جامعہ کا فنڈ۔۔۔۔ جامعہ ایک فنڈ ہوگا جس میں فیس، حوالگی عطیہ جات، ٹرسٹ، ترکہ و میراث، چندہ، گرانٹس اور دوسرے ذرائع آمدنی جمع ہوگی۔

۳۲۔ آڈٹ اور آکاونٹس۔۔۔۔ (۱) جامعہ کے اکاونٹس وضع طور پر اُس شکل اور اسی طریقہ کار کے تحت رکھی جائیگی۔
(۲) ڈیپارٹمنٹ، اتحادی کالجز ادارے دوسرے باڈیز جسکو یہ حثیت سینڈیکیٹ قانون کے ذریعے دیا ہو وہ جامعہ کے آزادانہ خرچ کے مرکز ہونگے اور اُن کو اختیار حاصل ہے کہ ہر ھیڈ سے اخراجات کی منظوری بمطابق نامزد بجٹ دے۔ بشرط یہ کہ دوبارہ تصرف ایک اخراجات ھیڈ کے اخراجات سے دوسرے ھیڈ کو مرکز خرچہ والی ھیڈ سے قانون کے واضح کردہ حد تک ہوئی۔
(۳) وہ تمام فنڈز جو ڈیپاٹمنٹ، اتحادی کالج یا جامعہ کی یا دوسریا کائی کنسلنٹ، تحقیق یا دوسرے خدمات کے طور ہو پیدا کرتی ہے وہ بجٹ کے نامزدگی کے بغیر کسی تعصب کے بصورت، دیگر وہ بالائی اخراجات کے منہا ہونے کے بعد قانون کے وضع کردہ طور پر ڈیپارٹمنٹ، اتحادی کالج یا دوسرے اکائی کے ترقی کے لئے مختص ہوگی۔ اس سے کچھ حصہ میں جامعہ کے اساتذہ اور کنسلٹنی کے تحقیق کرنے والے یا خدمات والے حصہ دار ہونگے جو قانون سے وضع ہونگے۔
(۴) جامعہ کے فنڈز سے کوئی بھی اخراجات نہیں ہونگے جب تک ادائیگی ک بل (متعلقہ قانون کے تحت) متعلقہ مرکزی خرچہ ھیڈ جاری نہ کرے اور خزانچی اسکی تصدیق کرے کہ خرچہ کے مرکز کو منظور شدہ بجٹ میں آدائیگی کے لئے فراہم کیا گیا ہے بشرط کہ با اختیار خرچہ کی مرکز دوبارہ تصرف مہیا کرے۔
(۵) جامعہ کے اندرونی مالیاتی بجٹ کے لئے پیشن بنی ہوگی۔
(٦) جامعہ کے سالانہ آڈٹ بیان بابت کاونٹس عمومی قبول شدا کاونٹنگ اصول (GAAP) کے مطابق شہرت کے حامل چارٹرڈ اکاونٹنٹ جو اسٹیٹ بینک سے منظور شدہ ہے تیار کرے گا اور خزانچی اس پر دستخط کرے گا۔

باب ہفتم

عمومی دفعات۔

۳۳۔اظہار وجود موقع دینا۔۔۔۔ماسوائے ان کے جو قانون میں بیان ہو جامعہ کا کوئی بھی آفیسر، استاذ اور دوسرے عملہ کو جو مستقل عہدہ پر فائز ہو کی درجہ کمی، ہٹانا اور جابرانہ طور فارغ (کسی بھی وجہ سے جو عمل کرنا یا عمل نہ کرنے کی وجہ سے ہو) نہ کی جائے گی جب تک اسکو اظہار وجود کا مناسب موقع دیا جاوے۔

۳۴۔سینڈیکیٹ اور سینٹ کو اپیل۔۔۔۔جب جامعہ کے کسی آفیسر استاد یا دوسرے عملہ (ماسوائے نائب امیر جامعہ) کے خلاف حکم پاس ہو یا اُسکے مفاد کے خلاف وضع کردہ عہدہ کے شرائط میں تبدیلی کرے یا اسکے خلاف مفاد تشریح کرے اگر حکم جامعہ کسی اُستاد یا آفیسر نے پاس کیا (ماسوائے نائب امیر جامعہ) تو انکو اس حکم حلاف سینڈیکیٹ میں اپیل کا حق ہے۔اور جب حکم نائب امیر جامعہ نے پاس کیا تو اُنکو سینٹ میں اپیل کا حق ہے۔

۳۵۔جامعہ کی ملازمت۔۔۔(۱) تمام افراد جو قانون کے وضع کردہ شرائط کے تحت جامعہ میں ملازم ہے وہ تمام افراد جامعہ کے ملازم ہے۔

(۲) جامعہ کے آفیسر، استاذ یا دوسرے عملہ عمر کے ایک حد یا مدت ملازمت کو پہنچنے کے بعد وضع کردہ طور فارغ ہونگے۔

۳۶۔فائدے اور بیمہ۔۔۔۔جامعہ وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق آفیسران، اساتذہ اور دوسرے عملہ کے لئے فائدے والی اسکیم تشکیل کرے گا جس میں ملازمت کے فائدوں کی پیش بینی اور بہ دوران ملازمت صحت اور زندگی کا بیمہ ہے۔

(۲) اس ایکٹ کے تحت جب کوئی دوراندیشی والا فنڈ قائم ہو تو اُس پر دوراندیشی فنڈز ایکٹ ۱۹۲۵ء (ایکٹ نمبر XIX سال ۱۹۲۵ء) لاگو ہو جیسا کہ یہ سرکاری دوراندیشی والا فنڈ ہے۔

۳۷۔اتھارٹی کے رکن کی عہدہ مد کا آغاز۔۔۔(۱) جب نئے تشکیل اتھارٹی کے رکن کا انتخاب تقرری یا نامزدگی ہو (اُسکی عہدے کی جو اس ایکٹ میں مقرر کردہ ہے) کا آغاز وضع کردہ تاریخ سے ہوگا۔

(۲) جب کوئی رکن کوئی دوسرا کام قبول کرتا ہے یا کسی دوسری اسطرح وجہ سے جامعہ سے چھ ماہ تک غیر خاضر ہو تو وہ مستعفی تصور ہوگا اور انکی نشت خالی ہوگی۔

۳۸۔اتفاقیہ اسامیوں کی پُر کرنا۔۔۔کسی بھی بااختیار کی خالی اسامی ارکان کی، معقول طور پر پُر کی جائے گی اس طریقہ کار اور ایسی کسی فرد یا اتھارٹی جس نے اس فرد کی تقرری کی تھی جس نے اسامی خالی کی ہے۔اسطرح خالی اسامی پر تقرر شدہ فرد باقی ماندہ مدت کے لئے اتھارٹی کا رکن ہوگا جس طرح وہ فرد رکن تھا جسکی اسامی پر کی گئی۔

۳۹۔ بااختیار کی بناوٹ میں نقص۔

اس ایکٹ قانون یا ضوابط کے تحت بنائی اتھارٹی کے بناوٹ میں کوئی نقص ہو جسکی وجہ حکومت کے تحت کسی عہدہ ختم کرنا یا کسی تنظیم کی وجہ سے ہو، دارہ یا کوئی دوسرا باڈیز جو جامعہ سے باہر ہو اور ختم کی گئی ہو یا اُس کی افعال ختم ہوئی ہو یا کوئی دوسرا وجہ تو اس صورت یہ نقص سینٹ کے ہدایات کے روشنی ہٹائی جائی گی۔

۴۰۔اتھارٹیز کی کوئی کاروائی اسامیوں کی وجہ سے باطل نہ ہوگی۔۔۔۔۔اتھارٹی کا کوئی کا قرارداد یا فیصلہ اس وجہ غلط نہ ہوگا یہ اس میں اسامی ہے اور تھارٹی نے کوئی کام کیا پاس یا بنایا ہے یا اسکے پاس مطلوبہ قابلیت نہ ہے یا درحقیقت اتھارٹی انتخاب، تقرری یا نامزدگی میں کوئی غلطی ہے جو موجود ہو یا غیر خاضر ہو۔

۴۱۔پہلی شیڈول۔۔۔۔۔اگر اس ایکٹ میں کوئی مخالفت ہو تہ اُسکو نظر انداز کرتے ہوئے قانون جو شیڈول بنایا گیا ہے دفعہ ۲۷ کے تحت پہلی قانون تصور ہوگی اور وقت تک موثر رہے گا جب تک اسمیں ترمیم یا اسے تبدیل نہ کی جائے یا اُس وقت تک جب نیا قانون اس ایکٹ کے دفعات کے نہ بنایا جاوے۔

۴۲۔عبوری دفعات۔۔۔۔۔اس ایکٹ میں موجود کوئی چیز کو نظر انداز کرتے ہوئے کہ جامعہ اعلان کردہ تاریخ سے قائم کی گئی اور سینٹ کے ارکان ماسوائے جامعہ کے اساتذہ کی تقرری نائب امیر جامعہ اسکی تعداد اور قابلیت جو اس ایکٹ میں ہے کہ مطابق کریں گے۔ پہلی سینٹ جو معرض وجود میں آئی گی وہ جتنی جلدی ہو سکے جامعہ کے اساتذہ کی بھرتی، سینڈیکیٹ اور اکیڈمک کونسل کے ارکان کی تقرری کے آغاز اس ایکٹ کے تحت کریں گے۔جامعہ کے اساتذہ جو پہلی سینٹ میں انکی تقرری ہوگی اُن کی تقرری ہوگی جب وضع کردہ طریقہ کار پر جو جامعہ کے اساتذہ کی سینٹ میں تقرری کے بارے میں پر عمل ہو جو دفعہ ۱۷ کے ذیلی دفعہ (۴) میں جو مدت دیا گیا ہے اسکو نظر انداز کرتے ہوئے، ایک تہائی ارکان (ماسوائے جو بلحاظ عہدہ ہے) پہلی سینٹ کے جو قرعہ اندازی کے ذریعے معلوم ہوگے نائب امیر جامعہ کی طرف سے تقرری کے ایک سال بعد فارغ ہونگے اسطرح پہلی سینٹ کے باقی ماندہ آدھے ارکان سینٹ (ماسوائے ارکان کو بلحاظ عہدہ) جو قرعہ اندازی کے ذریعے معلوم ہونگے، وہ اپنی تقرری کے دوسرے سال بعد فارغ ہونگے اور باقی ماندہ ارکان سینٹ (ماسوائے ارکان سینٹ جو بلحاظ عہدہ) تیسرے سال کی اختتام پر فارغ ہونگے۔

(۲) اس ایکٹ اگر کوئی چیز ہو تو اُسکو نظر انداز کر کے یہ کہ جامعہ اعلان کردہ پہلے تاریخ سے قائم ہے پہلا نائب امیر جامعہ کی، امیر جامعہ تین سال کے لئے تقرری کریگا۔

۴۳۔مشکلات کو حل کرنا۔۔۔۔(۱) اگر اس ایکٹ کے دفعات کی تشریخ سے کوئی سولات پیدا ہو تو اُنکو امیر جامعہ کے سامنے رکھے گے اور اُسکی تشریخ آخری ہوگی۔

(۲) اگر اس ایکٹ کے دفعات عمل میں لائی کی وجہ سے مشکلات ہو تو سینٹ کے خیالات جاننے کے بعد امیر جامعہ کوئی ایسا حکم دیں گے جو

کہ اس ایکٹ کے دفعات کے ہم آہنگ ہو اور مشکل کو حل کرنے کے لئے ضروری ہو۔

(۳) اس ایکٹ میں دفعات جن کے تحت کوئی چیز کرنا ہے لیکن کوئی دفعہ نہ یا کافی دفعات نہ ہے کہ کون سی اتھارٹی، کس وقت اور کس طریقہ کار کے تحت کام کرنا ہے تو سینٹ کے خیالات جاننے کے بعد امیر جامعہ کے ہدایات کے مطابق یہ کام ایسی تھارٹی اور وقت پر ہوگا۔

۴۴۔ **تلافی**۔۔۔۔ جامعہ اور جامعہ کے کسی اتھارٹی، آفیسر یا عملہ کے خلاف کوئی کاروائی یا دعویٰ نہ ہوگا جب انھوں کوئی چیز نیک نیتی کے بنیاد پر اس ایکٹ کے تحت سرانجام دی ہے۔

۴۵۔(۱) جامعہ کے اختیار دینا وہ سرکاری اور دوسرے جامعات یا تحقیقی ادارے جو یونیورسٹی کے ہو کے ملازم پر رکھے۔۔۔۔۔

(۱) اس ایکٹ میں اگر جو چیز ہو تو اُسکو نظر انداز کر کے سینڈیکیٹ کے مشورے پر سینٹ، جامعہ کی عہدے پر تقرری کے ذریعے سرکاری ملازم یا دوسرے جامعہ یا تعلیمی یا تحقیقی ادارے ملازم جو مقرر کر سکتے ہے۔

(۲) جب اس دفعہ کے تحت تقرری ہو جاوے تو تقرر ہونے والا کی شرائط ملازمت کم فائدے والے نہ ہو جو اُن کو تقرری سے پہلے حاصل تھی اور اپنے عہدے کے تمام فائدے کے حقدار ہونگے۔

۴۶۔ **منسوخی**۔۔۔۔۔ جامعہ اباسین آرڈننس ۲۰۰۷ء (این، ڈبلیو، ایف، پی آرڈننس نمبر VI سال ۲۰۰۷ء) کو یہاں منسوخ کیا گیا۔

شیڈول

پہلا قانون۔

(۱) **فیکلٹیز**۔۔۔۔ ہر تعلیمی شعبے تا تعلیمی شعبوں کے ایک مجوعے کے لئے فیکلٹی ہوگی۔ جامعہ درج ذیل فیکلٹیز اور دوسرے وضع ہونگے شامل ہونگے؛

(الف) فیکلٹی انجینئرنگ۔

(ب) انتظامی سائنس کی فیکلٹی۔

(ج)انفارمیشن سائنس کی فیکلٹی۔

(د)معاشرتی علوم کی فیکلٹی۔

(ذ)قدرتی سائنس کی فیکلٹی۔

(ر)کوئی دوسری فیکلٹی جو سینٹ مقرر کرے گا۔

۲۔ فیکلٹی کا بورڈ۔۔۔۔ ہر فیکلٹی ایک بورڈ ہوگا جو درج ذیل پر مشتمل ہوگا۔

(الف)ڈین آف فیکلٹی۔

(ب)ڈائریکٹروں کے بورڈ کا ایک نامزد شد۔

(ج)پروفیسر اور متعلقہ فیکلٹی کے شعبے کا سربراہ۔

(د)ایک نامزد شد جو ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ نامزد کرتا ہے(ماسوائے پروفیسر اور ڈیپاٹمنٹ کا سربراہ کے)

(ذ)دو اساتذہ جو اکیڈمک کونسل نامزد کرتا ہے اسکی وجہ اس مضمون میں خاص علم کی ہے اگر چہ یہ مضمون فیکلٹی کا حصہ نہ ہے لیکن اکیڈمک کونسل کی خیال اس کی مفید نتائج بابت مضمون ہونگے جو فیکلٹی کا حصہ ہے۔

(ر)سینٹ دو ایسے ماہرین تقرری کریں گا جو جامعہ سے باہر ہو۔

(ز)ایک نامزدگی نائب امیر جامعہ کریں گے۔

(۲)ماسوائے ارکان جو بلحاظ عہدہ ہو تین سال کے تعینات ہونگے۔

(۳) فیکلٹی کے بورڈ کورم کل ارکان کے ادھا ارکان ہونگی۔کسر عشاریہ ایک تصور ہوگی۔

۳۔مطالعاتی بورڈ۔۔۔۔ ہر ایک مضمون کے لئے یا مضامین کے گروف کے لئے علٰحیدہ مطالعاتی بورڈ ہوگا جو ضوابط وضع کرے گی۔

ہر ایک مطالعاتی بورڈ درج ذیل مشتمل ہوگا۔

(الف)متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کا سربراہ

(ب) تین سے پانچ تک ماہرین یا پی۔ایچ۔ڈی اساتذہ جو جامعہ کے استاد نہ ہو جنکی تقرری نائب امیر جامعہ،ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ سے مشاورت کے بعد کریں گے۔

(۳) مطالعاتی بورڈ کے ارکان کے عہدہ کی معیاد تین سال ہوگی(ماسوائے ارکان جو بلحاظ عہدہ ہو)

(۴) مطالعاتی بورڈ کا کورم کل ارکان ہونگے کا آدھا ارکان ہونگے۔کسر عشاریہ ایک تصور ہوگی۔

(۵) متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کا سربراہ مطالعاتی بورڈ کا چیئر پرسن اور اجلاس بلانے والا ہوگا۔

۴۔ **بورڈ آف فیکلٹی کے افعال۔۔۔** سینٹ اور اکیڈمک کونسل کے عمومی اختیارات کو مدنظر رکھتے ہوئے بورڈ آف فیکلٹی کے اختیارات ہونگے؛

(i) کہ حوالہ شدہ مضمون کی درس وتدریس اور تحقیق میں ربط رکھے۔

(ii) فیکلٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹ کے سفارشات کی جان پڑتال کریں جو پیپر مرتب کرنے اور گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ امتحان لینے کے متعلق ہو۔ ہر ایک امتحان کے لئے پیپر مراتب کرنے والے اور امتحان لینے والوں کی نام کی فہرست نائب امیر جامعہ کے منظوری کے لئے ارسال کریں۔

(iii) کوئی دوسرا اکیڈمک معاملہ جو فیکلٹی سے متعلق ہو پر غور کریں اور اکیڈمک کونسل اُسکی رپورٹ دے۔

(iv) اکیڈمک کونسل میں پیش ہونے کے لئے ہر ڈیپارٹمنٹ کی جامع سالانہ مراتب کرے جو متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کے کارکردگی کے بارے میں ہو اور؛

(v) قانون میں وضع کردہ دوسرے افعال کی سرانجام دہی۔

۵۔ **فیکلٹی کے ڈینز۔۔۔۔** (۱) فیکلٹی کا ایک ڈین ہوگا جو چیئرپرسن اور اجلاس بلانے والا ہوگا۔

(۲) ڈین کی تقرری سینٹ، نائب امیر جامعہ کے سفارش پر کرے گا۔ وہ اپنا عہدہ تین سال کے لئے رکھے سکتے ہیں اور دوبارہ تقرری کے اہل ہونگے۔

(۳) ڈین، ڈگری کے امیدواروں کو پیش کریں (ماسوائے جو اعزازی ڈگری ہو) جن کورسز اُن کے فیکلٹی کے دائرہ میں ہو۔

(۴) ڈین کے ایسے اختیارات اور ایسے فرائض سرانجام دیں گے جن سینٹ نے وضع کردہ ہو۔

۶۔ **درس وتدریس کے ڈیپارٹمنٹ۔۔۔** (۱) ضوابط کے وضع کردہ ہر مضمون کے لئے یا مضامین کے گروپ کے لئے درس وتدریس کا ڈیپارٹمنٹ ہوگا جسکا چلانے والا اُسکا سربراہ ہوگا۔

(۲) درس وتدریس کا سربراہ۔۔۔

(الف) کی تقرری نائب امیر جامعہ، سینٹ کی سفارش پر تین سال کے لئے کریں گا۔ وہ دوسری مرتبہ تقرری کے اہل ہونگے۔

(ب) اپنے درس وتدریس کے ڈیپارٹمنٹ کے کام کی وہ منصوبہ بندی، انتظام اور نگرانی کریں گا اور ڈین کو اپنے درس وتدریس کے ڈیپارٹمنٹ کے کام کا ذمہ دار ہوگا۔

(ج) نائب امیر جامعہ اور ڈین کے عمومی نگرانی کے نیچے وہ تمام انتظامی، مالیاتی اور اکیڈمک اختیارات استعمال کرے گا اور ایسا کوئی فرائض اور اختیارات جو تفویض یا حوالہ گئی ہو اور؛

(د) وہ درس وتدریس کے ڈیپارٹمنٹ کے گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ سطح کے کارکردگی کے بارے میں اور فیکلٹی کے تحقیق اور ترقی کے

بارے میں جامع سالانہ رپورٹ مراتب کرے گا اور اُسکو ایلویشن کے لئے ڈین کے ساتھ داخل کرے گا۔

۷۔ انتخاب بورڈ۔۔۔۔ انتخاب کرنے بورڈ درج ذیل پر مشتمل ہوگی۔

(الف) نائب امیر جامعہ (چیئر پرسن)۔

(ب) ڈائریکٹروں کے بورڈ کے نامزد کردہ۔

(ج) متعلقہ فیکلٹی کا ڈین۔

(د) ایک نمایاں سکالر جن کی نامزدگی امیر جامعہ کریں گے۔

(ر) رجسٹرار (جو بورڈ کا سیکرٹری ہوگا)

(۲) ماسوائے ارکان بلحاظ عہدہ ہو تین سال تعنیات ہونگے۔

(۳) انتخاب بورڈ کے اجلاس کا کورم چھ ارکان ہونگے۔

(۴) رکن جو اُس عہدہ جس پر تقرری ہونے والی ہو، کا امیدوار ہو تو وہ بورڈ کی کاروائی میں حصہ نہیں لے گا۔

(۵) پروفیسر اور ایسوسی ایٹ پروفیسر کی انتخاب میں، انتخاب بورڈ متعلقہ مضمون کے تین ماہرین سے رائے لے گا اور دوسرے درس وتدریس کے عہدوں کے لئے دو متعلقہ مضمون کے ماہرین سے رائے لے گا۔ یہ جن ماہرین سے رائے لے گا۔ یہ ماہرین نائب امیر جامعہ کے ہر مضمون کے بابت اسینڈنگ لسٹ سے ہوگی (جو وقتاً فوقتاً تبدیل ہوگی) اور جسکی منظوری سینٹ، انتخاب بورڈ کی سفارشات پر دیتا ہے۔

۸۔ انتخاب بورڈ کے افعال۔۔۔۔ انتخاب بورڈ کی افعال ہوگی۔۔

(الف) دلچسپی رکھنے والے کی درخواست بابت آفیسران اور اساتذہ پر غور کریں اور سینٹ کو موزوں امیدوار کی تقرری کی سفارش کرے۔

(ب) جامعہ کے آفیسران کے تمام کیسز بابت ترقی اور انتخاب پر غور کرے اور موزوں نام بابت ترقی اور انتخاب کی سفارش سینٹ کو کریں۔

(۲) انتخاب بورڈ ار سینٹ کے درمیان ناقابل حل مختلف رائے کی صورت، نائب امیر جامعہ کا فیصلہ آخری ہوگی۔

(۳) امیر جامعہ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اکیڈمک پوزیشن پر غیر معمولی میرٹ کے حامل فرد کی تقرری بلاواسطہ کرے جو چھ ماہ سے زیادہ نہ ہو اور جن کے مدت اور شرائط مقرر ہونگے۔

۹۔ مالیاتی اور منصوبہ بندی کمیٹی۔۔۔۔ مالیاتی اور منصوبہ بندی کمیٹی ذیل پر مشتمل ہوگی۔

(i) نائب امیر جامعہ (چیئر پرسن)۔

(ii) ایک ڈین جو امیر جامعہ نامزد کردہ۔

(iii) ڈائریکٹروں کے بورڈ کے دو نامزد کردہ۔

(iv) سینٹ کا ایک نامزد کردہ۔

(v) ایک نامزد کردہ ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (خیبر پختونخوا) جو آضافی سیکرٹری کے عہدے سے کم نہ ہو۔

(vi) ڈائریکٹر مالیات جو کمیٹی کی سیکرٹری ہوگا۔

(۲) نامزدگان کی عہدے کی مدت تین سال ہوگی۔

(۳) مالیاتی اور منصوبہ کمیٹی کے اجلاس کا کورم چھارارکان ہونگے۔

۱۰۔ مالیاتی اور منصوبہ بندی کمیٹی کے افعال۔۔۔۔ مالیاتی اور منصوبہ بندی کمیٹی کے افعال ہونگے۔

(i) اکاونٹس کا سالانہ بیان تیار کرے گا سالانہ بجٹ کا تخمینہ تجویز کرے گا اور سینٹ کو اس پر عمل کا مشورہ دے گا۔

(ii) جامعہ کے مالیاتی پوزیشن پر وقتاً فوقتاً نظر ثانی کرے گا۔

(iii) بڑے اور مختصر مدت کے لئے ترقیاتی منصوبے تیار کرے گا۔

(iv) اور دوسرے کوئی افعال جو قانون نے وضع کی ہے کی سرانجام دہی کرے گا۔